Australian Government

acma

Australian Communications and Media Authority

غیرملکی سیٹلائٹ ٹی وی

کچھ لوگ سیٹلائٹ ڈش استعمال کرتے ہوئے غیرملکی ٹی وی پروگرام دیکھ سکتے ہیں۔ ان ٹی وی چینلز کے سگنل بعض اوقات اتفاقی ہوتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ یہ محض اتفاقا موصول ہوتے ہیں – یہ ACMA کے سپیکٹرم مینجمنٹ انتظامات کے تحت نہیں آتے۔

اس قسم کے ٹی وی چینلز میں اکثر سگنل کے مسائل ہوتے ہیں اور آسٹریلیا میں انہیں سگنل میں خرابی کے خلاف کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے۔ آپ کو سگنل کی ایسی خرابیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے جنہیں ٹھیک نہیں کیا جا سکتا۔

غیرملکی سیٹلائٹ ٹی وی کے آلات میں سگنل کی خرابی کی وجوہات

غیرملکی پروگرام دیکھنے کے لیے استعمال ہونے والے سیٹلائٹ کے آلات اردگرد موجود دیگر لائسنس شدہ خدمات کے سگنلز کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ یہ سگنلز موبائل فون ٹاورز اور موبائل براڈ بینڈ انٹرنیٹ کے ہو سکتے ہیں یا پھر ملحقہ فریکوئنسی بینڈ پر دیگر سگنلز ہو سکتے ہیں۔

مدد کیسے حاصل کی جائے

ACMA غیر لائسنس شدہ غیرملکی سیٹلائٹ ٹی وی کے لیے تشخیصی یا تفتیشی خدمات فراہم نہیں کرتا۔

اگر آپ کے اپنی سیٹلائٹ ٹی وی سروس میں مداخلت کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو کسی اینٹینا انسٹالر یا پیشہ ور سیٹلائٹ ڈش ٹیکنیشن سے رابطہ کریں۔ وہ سگنل میں خرابی کی وجہ کی تحقیقات کر سکتے ہیں اور یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے سگنل کو بہتر بنانے کا کوئی طریقہ موجود ہے۔

اس بات کا امکان موجود ہے کہ شاید مسائل کو حل کرنا ممکن نہ ہو اور آپ کو غیرملکی سیٹلائٹ ٹی وی کے سگنل میں خرابی کا ہمیشہ سامنا کرنا پڑے۔ سیٹلائٹ ڈش خریدنے اور انسٹال کرنے سے پہلے اس مسئلے پر غور کریں یا پھر اس مسئلے کے حل کے لیے کسی ٹیکنیشن کو کال کریں۔

متاثرہ سیٹلائٹ ٹی وی چینلز دیکھنے کے متبادل طریقے

آپ متبادل فریکوئنسی، انٹرنیٹ پر یا اسٹریمنگ سروس پرووائیڈر کے ذریعے متاثرہ بیرون ملک ٹی وی چینلز اور پروگرام دیکھنا جاری رکھ سکتے ہیں۔ آپ کا سیٹلائٹ ٹی وی سروس پرووائیڈر یا متاثرہ سیٹلائٹ ٹی وی چینلز کے منتظمین آپ کو متبادل صورتوں کے بارے میں مشورہ دے سکتے ہیں۔ آپ کو مزید معلومات کے لیے ان سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔